# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 07 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم تیز؛ رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے انتظامیہ کی جانب سے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆ آن لائن کرنسی زرِمبادلہ اور سونے کا کاروبار کرنے والوں کے ساتھ جعلسازی کرنے والا بین الاقوامی گروہ بے نقاب۔

☆ اَگنی ویروں کو مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقع مہیا کرنے کے اقدامات تجویز کرنے کی غرض سے ریاستی حکومت کی جانب سے مطالعاتی گروپ تشکیل۔

اور۔۔۔☆ ریاست بھر میں دَرپن دِن کا انعقاد؛ منترالیہ اور قانون ساز اسمبلی کی صحافی تنظیموں کے بہترین صحافیوں کو ایوارڈز کا اعلان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیشِ نظر سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ دوسری جانب ان انتخابات کیلئے انتظامیہ کی بھی تیاریاں جاری ہیں۔ رائے دہندگان میں ووٹنگ سے متعلق بیداری پیدا کرنے کیلئے مختلف پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں اور رائے دہی و ووٹوں کی گنتی کیلئے ملازمین کے تربیتی ورکشاپ بھی جاری ہیں۔ جلگاؤں میں انتخابی مراکز کے پریسائیڈنگ افسران اور رائے دہی افسران کی تربیت کا پہلا مرحلہ مکمل ہوا۔ اس تربیتی پروگرام میں شرکت نہ کرنے والے 99 ملازمین کے خلاف معطّلی اور مقدمہ درج کرنے سے متعلق کارروائی کیے جانے کا اشارہ کمشنر گیانیشور ڈھیرے نے دیا ہے۔

***** ***** *****

رائے دہندگان میں بیداری کی غرض سے کل لاتور میں ''واکے تھان'' کا انعقاد کیا گیا۔ لاتور میونسپل کارپوریشن اور روٹری کلب کے اشتراک سے منعقدہ اس ریلی میں بیداری سے متعلق بینر اور نعرے لگائے گئے۔ میونسپل کارپوریشن کے افسران و ملازمین سمیت شہریوں نے بھی اس واکے تھان میں بڑی تعداد میں شرکت کی اور اس کے ذریعے ''رائے دہی ہمارا حق ہے'' کا پیغام دیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیشِ نظر شہر کے اہم اور حساس علاقوں میں محکمۂ پولس کی جانب سے فلیگ مارچ کیا جا رہا ہے۔ تمام ہی سیاسی جماعتوں کے رہنماء، عہدیدار اور کارکن تشہیری مہم میں پوری طاقت سے شامل ہو رہے ہیں۔ پدیاترا، موٹر سائیکل ریلی، کارنر میٹنگس جیسے مختلف طریقوں سے تشہیری مہم کا صبح ہی سے آغاز ہو رہا ہے۔ اس لیے تشہیری مہم زور پکڑتی نظر آ رہی ہے۔ دریں اثناء راشٹروادی کانگریس پارٹی نے سمبھاجی نگر کی ترقی کیلئے اپنا منشور بھی کل جاری کیا۔

***** ***** *****

ممبئی میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے کانگریس پارٹی نے کل ''مشن ممبئی'' کے نام سے اپنا منشور جاری کیا۔ ناگپور میونسپل کارپوریشن کیلئے بھی کانگریس نے منشور جاری کردیا ہے۔صاف وشفاف' محفوظ اوراسمارٹ ناگپور بنانے کا عزم اورعوامی مفادات کے 20 نکاتی پروگرام کواس میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ اطلاع پارٹی کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے دی۔

بھارتیہ جنتا پارٹی نے تھانہ میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے ''تھانہ نردھارنامہ' کے عنوان سے کل اپنا انتخابی منشور جاری کیا۔

***** ***** *****

لاتور میں انتخابی تشہیر کے دوران سابق وزیرِ اعلیٰ آنجہانی ولاس راؤ دیشمکھ سے متعلق متنازعہ بیان دینے پر بی جے پی کے ریاستی صدر رویندر چوہان نے معذرت کرلی ہے۔انھوں نے اظہارِ تاسف کرتے ہوئے کہا کہ ان کا بیان غیر سیاسی تھا۔چوہان کے بیان کے خلاف لاتور میں مختلف تنظیموں کی جانب سے آج بند کا اعلان کیا گیا ہے۔

اسی دوران میونسپل کارپوریشن انتخابات کی تشہیر کیلئے وزیرِ اعلیٰ اور بی جے پی قائد دیویندر پھڑنویس آج لاتور کا دورہ کررہے ہیں۔ جہاں ٹاؤن ہال میں وہ ایک جلسے سے خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

کُل ہند مجلس اتحادالمسلمین کے قائد بیرسٹر اسدالدین اویسی نے کل لاتور میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے مہایوتی کی رُکن جماعتوں پرسخت تنقید کی۔انھوں نے کہا کہ بی جے پی' شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس کے رہنماء ممبئی میں اکٹھا بیٹھتے ہیں' لیکن لاتور میونسپل الیکشن الگ الگ لڑنے کا ڈرامہ کررہے ہیں۔

***** ***** *****

سی آر ایس یعنی شہری رجسٹریشن نظام کے سافٹ ویئر میں بے ضابطگیوں کے انکشاف پر ریاستی حکومت نے ایک خصوصی تفتیشی ٹیم مقرر کی ہے۔ ایوت محل ضلع کے شیند ورسنی دیہات کی کُل آبادی 1300 ہے' لیکن اس دیہات میں پیدائش اور وفات 27 ہزار رجسٹریشن ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس معاملے میں یہ نوتشکیل شدہ ٹیم اس ہفتے شیند ورسنی کا دورہ کرکے اس بات کا پتہ لگائے گی کہ رجسٹریشن نظام میں کہاں غلطی ہوئی۔ اس خصوص میں فوجداری مقدمہ درج کیا جاچکا ہے اور ایوت محل پولس مزید تحقیقات کررہی ہے۔

***** ***** *****

آن لائن غیر ملکی کرنسی اورسونے کی لین دین کی اسکیموں کے ذریعے سینکڑوں افراد کے ساتھ تقریباً 200 کروڑ روپئے سے زائد کی جعلسازی کرنے والے ایک بین الاقوامی گروہ کوممبئی پولس نے بےنقاب کیا۔مختلف ریاستوں میں 50 سے زائد معاملات میں ملوث اس گروپ کے سات افراد کو پولس نے حراست میں لے لیا ہے۔ میرا بھائندر' وسئی ویرار کے پولس کمشنر نکیت کوشک نے کل ایک اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔انھوں نے بتایا کہ جعلسازوں نے شادی بیاہ کرنے والی ویب سائٹس اورسوشل میڈیا پلیٹ فارم کے ذریعے عوام میں اعتماد پیدا کیا اوراس کے بعد یہ بدعنوانیاں کیں۔ پولس کو شبہ ہے کہ اس گروہ کا سرغنہ بیرونِ ملک سے بیٹھ کر کارروائیاں کرتا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

اَگنی ویروں کو سرکاری، نیم سرکاری اور نجی شعبے میں روزگار فراہم کرنے یا خود روزگار کے مواقع مہیا کرنے سے متعلق اقدامات تجویز کرنے کیلئے ریاستی حکومت نے ایک مطالعاتی ٹیم تشکیل دی ہے۔محکمۂ فوجی فلاح کے ڈائریکٹر سبکدوش کرنل دیپک ٹھونگے اس گروپ کے سربراہ ہوں گے۔جبکہ ریٹائرڈ لیفٹیننٹ کمانڈر راومکار کالپے رکن سیکریٹری ہوں گے۔بحری، فضائی اور بری فوج کے سات سبکدوش اعلیٰ افسران پر مشتمل اس گروپ کو تجاویز پیش کرنے کیلئے حکومت نے تین ماہ کی مدت دی ہے۔

***** ***** *****

ریاست بھر میں کل درپن دِن منایا گیا۔مراٹھی صحافت کے بانی آچاریہ بال شاستری جامبھیکر کے درپن اخبار شروع کرنے کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع اطلاعاتی دفتر کے کمیٹی ہال میں آچاریہ جامبھیکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔کارگذار ڈپٹی ڈائریکٹر پرشانت دِھٹھنکر کے ہاتھوں ان کی شبیہ پر پھول چڑھائے گئے۔

دھاراشیو ضلع صحافتی تنظیم نے بھی جامبھیکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔تنظیم کے صدر دیوی داس پاٹھک نے جامبھیکر کی صحافت کے مختلف زاویوں پر روشنی ڈالی اور موجودہ صحافت کی تنزلی پر اظہارِ خیال کیا۔

***** ***** *****

منترالیہ اور قانون ساز اسمبلی نامہ نگار تنظیم کے اس برس کے صحافتی ایوارڈز کا کل اعلان کیا گیا۔کر۔ پا۔ سامک لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ کیلئے بزرگ صحافی آ کولکر کا انتخاب کیا گیا ہے۔ریاستی سطح کے بہترین صحافی کیلئے لوک ستا کے نمائندے اشوک اَڑسوڑ اور نیوز چینل کیلئے ''انڈیا ٹوڈے آج تک'' گروپ کے پونا بیورو چیف اومکا وابڑے کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔یہ ایوارڈز جلد ہی تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

سابق مرکزی وزیر سریش کلماڑی کی کل پونے میں آخری رسومات ادا کردی گئیں۔کلماڑی کل صبح پونہ میں چل بسے تھے۔وہ 82 برس کے تھے۔ان کے انتقال پر سیاسی حلقوں میں شدید رنج و غم کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

قومی قدرتی زراعت مہم کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر میں کنڑ، خلدآباد، گنگاپور، اور ویجاپور تعلقوں کیلئے زرعی تربیتی ورکشاپ منعقد کیا گیا۔ایم جی ایم زرعی تحقیقی مرکز اور زرعی ٹکنالوجی مینجمنٹ مشن ''آتما'' کے اشتراک سے منعقدہ اس ورکشاپ میں قدرتی کھیتی سے متعلق رہنمائی کی گئی۔

***** ***** *****

سنکرات تہوار کے دن پتنگ بازی کرتے وقت بجلی کی تنصیبات سے محفوظ فاصلہ رکھنے کی اپیل بجلی تقسیم کار کمپنی مہاوِترن نے کی ہے۔کل جاری کردہ ایک مکتوب میں کمپنی نے پتنگ بازوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے شوق کیلئے کھلے میدان کا انتخاب کریں اور بجلی کی تنصیبات یا کھمبوں سے پتنگ نکالنے کی کوشش نہ کریں۔

***** ***** *****

بھرت کی اسکوائش کھلاڑی اَناحت سنگھ نے پہلی بار برٹش اوپن جونیئر اسکوائش چمپئن شپ کے فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔سیمی فائنل میں انھوں نے مصر کی ملکہ ایل کاراسکی کو 8-11 ,7-11 اور 9-11 سے شکست دی۔فائنل میں ان کا مقابلہ یورپین چمپئن فرانس کی لورین بالتیان سے ہوگا۔

***** ***** *****

موسم: ریاست میں کل گوندیا میں سب سے کم درجۂ حرارت سات ڈگری اور ناگپور میں ساڑھے سات ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ جلگاؤں میں ساڑھے دس' اہلیا نگر میں ساڑھے گیارہ اور ناسک ضلع کے مالیگاؤں میں 12 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں کم سے کم درجہ حرارت چھترپتی سمبھا جی نگر اور پربھنی میں ساڑھے 13 ڈگری اور ناندیڑ میں 12 ڈگری سیلسیئس رہا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم تیز؛ رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے انتظامیہ کی جانب سے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆ آن لائن غیر ملکی کرنسی اور سونے کا کاروبار کرنے والوں کے ساتھ جعلسازی کرنے والا بین الاقوامی گروہ بے نقاب۔

☆ اَگنی ویروں کو مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقع مہیا کرنے کے اقدامات تجویز کرنے کی غرض سے ریاستی حکومت کی جانب سے مطالعاتی گروپ تشکیل۔

اور۔۔۔☆ ریاست بھر میں دَرپن دِن کا انعقاد؛ منترالیہ اور قانون ساز اسمبلی کی صحافی تنظیموں کے بہترین صحافیوں کو ایوارڈز کا اعلان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****